زیادہ لوگوں کے لیے - چند ایک کے لیے نہیں!

Urdu

سب لوگوں کو کامیاب ہونے اور ضرورت پڑنے پر مدد لینے کے برابر مواقع حاصل ہونے چاہیئں۔ آج ایسا نہیں ہے۔ بہت زیادہ فوائد ان لوگوں کو مل رہے ہیں جن کے پاس پہلے ہی سب سے زیادہ ہے۔ ہمیں مقامی، قومی اور عالمی سطح پر ایک منصفانہ اور ماحول دوست معاشرے کی ضرورت ہے۔ ہم نارویجن معاشرے کے بہترین پہلوؤں کا تحفظ کرنا چاہتے ہیں - کم اونچ نیچ، کم بیروزگاری اور مضبوط کمیونٹیاں۔ ہم اونچ نیچ کم کریں گے، فلاحی خدمات بڑھائیں گے اور غربت کے خلاف جہاد کریں گے۔

موسمیاتی بحران اور فطرت کو نقصان پہنچنے کی وجہ سے ہمارا تمام مستقبل خطرے میں ہے کیونکہ ماحول کی بجائے فوری منافع کو فوقیت دی جا رہی ہے۔ ہمیں اس وقت جن بحرانوں کا سامنا ہے، ان سے نبٹنے کے لیے موسمیاتی صورتحال اور صنعتوں کے لیے ایک جامع اور منصفانہ منصوبے کی ضرورت ہے۔ ایسا منصوبہ جو بھاری سرمایہ کاری کے ذریعے آنے والے سالوں میں صنعتوں کو کام فراہم کرے۔ ہم ناروے کو بدل کر ایک پائنیئر ملک بنا دیں گے جو دنیا کو ماحول دوست اور موسمیاتی حالات کے لیے موافق سمت میں لے جائے۔

یہ ایک بالکل نئی معاشی پالیسی کا وقت ہے۔ ایسی پالیسی جو موسمیاتی بحران کو حل کر سکے اور ساتھ ساتھ عدم مساوات کو کم کرے اور بیروزگاری کا مقابلہ کرے۔ ایک منصفانہ ماحول دوست تبدیلی کے لیے SV کا منصوبہ امید اور تبدیلی کا منصوبہ ہے۔ ہم اونچ نیچ کم کریں گے، صنعتوں کی تعمیر کریں گے اور فوائد اور ذمہ داریوں میں سب کو شریک کریں گے۔ اس کے لیے ہمیں اس ماحول دشمن، معاشرے کے حق میں منفی اور ناکام پالیسی کو ہٹانا ہوگا جو حکومت کی پالیسی ہے۔ ہم ملک کی تعمیر ایسے کریں گے کہ ملک ماحول دوست اور زیادہ لوگوں کے لیے ہو۔ نہ کہ ماحول دشمن اور صرف چند لوگوں کے لیے۔

Sosialistisk Venstreparti
Hagegata 22, 0653 Oslo
21 93 33 00
post@sv.no
sv.no

SV